زنگرین

فصل کی بھرپور نشوونما اور بہترین پیداواری کوالٹی کیلئے

ICI PAKISTAN LTD.

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ۔ ایگری ڈویژن

ZINGREEN

زنگرین

زنک خوراکی اجزاء میں سے ایک نہایت ہی اہم اور ضروری غذائی جزو ہے۔ یہ زمین کی زرخیزی، پودوں کی بڑھوتری اور اچھی پیداوار لینے کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ پودوں کی بڑھوتری کیلئے ایک اہم ہارمون انڈول ایسٹیک ایسڈ (IAA) کی تیاری میں معاون ہوتا ہے۔ جس سے پودوں کی بڑھوتری تیز ہوتی ہے اور پودے سرسبز و شاداب رہتے ہیں۔

زنک کی کمی کی وجہ سے پودوں میں خوراک تیار کرنے کا عمل متاثر ہوتا ہے اور مختلف غذائی اجزاء کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی میں بھی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ پودوں کا قد اور پتوں کا سائز چھوٹا رہ جاتا ہے۔ پھول اور پھل کم آتے ہیں اور فصل کی تیاری دیر سے ہوتی ہے جس کی وجہ سے پیداوار میں خاطرخواہ کمی ہو جاتی ہے۔

زنگرین، زنک کی کمی دور کرنے کیلئے انتہائی موثر اور با کفایت ہے۔ **زنگرین** مختلف فصلوں اور پھل دار درختوں میں نہ صرف زنک کی کمی دور کرتا ہے بلکہ پودوں کے اندر مختلف ہارمونز کی تیاری میں بھی معاونت کرتا ہے۔

زنگرین کے استعمال سے پودے سرسبز و شاداب رہتے ہیں، پودوں میں خوراک بنانے کا عمل تیز ہوتا ہے، پتوں کا سائز بڑھتا ہے، پھول اور پھل میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ **زنگرین** کی وجہ سے دانوں کے سائز کے ساتھ ساتھ پیداوار اور کوالٹی دونوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

زنگرین کی خصوصیات

- **زنگرین** دانے دار فارمولیشن کی وجہ سے چھٹہ کرنا انتہائی آسان ہے
- **زنگرین** پانی میں آسانی سے حل پذیر ہونے کی وجہ سے فصل کو فوری دستیاب ہو جاتا ہے
- **زنگرین** میں موجود زنک سلفیٹ کی کوالٹی آئی سی آئی کی ضمانت کے ساتھ اور فصلوں کی ضرورت کے مطابق پوری مقدار میں موجود ہے
- **زنگرین** کے استعمال سے پھل، دانوں کے سائز اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے
- **زنگرین** کے استعمال سے سبزیوں، پھلوں، اجناس اور دیگر فصلوں کی پیداواری کوالٹی بھی بہتر ہوتی ہے

سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
گندم	7.5 کلوگرام فی ایکڑ	پہلے پانی پر چھٹہ کریں
چاول	7.5 کلوگرام فی ایکڑ	لاب لگانے کے 15 دن بعد چھٹہ کریں
مکئی	7.5 کلوگرام فی ایکڑ	پہلے پانی پر چھٹہ کریں
کپاس	7.5 کلوگرام فی ایکڑ	پہلے پانی پر چھٹہ کریں
سبزیات	7.5 کلوگرام فی ایکڑ	پھول آنے سے پہلے چھٹہ کریں
باغات	7.5 گرام فی پودا	پھول آنے سے پہلے چھٹہ کریں

مزید معلومات کیلئے:
آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ۔ ایگری ڈویژن
63- مزنگ روڈ، لاہور ہیلپ لائن نمبر: 0800 -73337

ICI PAKISTAN LTD.